© rasailojaraid.com

"بادبان" ـــــ "پیغام" | مدیر: تنویر شہزاد ـ مقام اشاعت: بزم پیغام ـ ۱ ـ اے ذیلدار پارک اچھرہ، لاہور ـ قیمت: فی پرچہ، ایک روپیہ ـ سالانہ ۲۰/- روپے ـ

یعنی اصلاً تو ہفت روزہ "بادبان" ہے ـ لیکن اس کے ذریعے اب سکولوں کے طلباء کو علم، سچائی، نیکی اور ترقی کا پیغام پہنچایا جا رہا ہے ـ

اسکولی درجے تک کے طلبہ کے لیے لیے اداریوں، مضامین، کہانیوں، نظموں، لطیفوں، پہیلیوں وغیرہ کا مجموعہ بنا کر غالباً مہینے میں دو بار بھیجا جاتا ہے ـ چھوٹا کتابی سائز ہے ـ اچھی خاصی کوشش ہے ـ مگر دوسرے اداروں میں بچوں کے لیے جس معیار کا کام ہو رہا ہے اس کے لحاظ سے مزید ترقی کرنے کی ضرورت ہے ـ

---

مظلوم علاقوں کے رسائل | مظلوم علاقوں سے یا ان کے متعلق آنے والے رسائل کا ہم یہاں یک جا ذکر کر رہے ہیں ـ یہ مظلوم انسانی آبادیوں کے حالات پر ہر اشاعت میں مضامین، خبروں اور تصویروں کے روپ میں نوعِ انسانی کی فریادیں پیش کرتے ہیں ـ

۱ ـــ INSAF ـ یہ روہنگیا سالیڈیریٹی آرگنائزیشن، اراکان (برما)، کا سہ ماہی انگریزی رسالہ ہے ـ آج کل لاکھوں مسلمان برما میں دردناک احوال سے دوچار ہیں، بلکہ وہاں سے نکالے جا رہے ہیں ـ ان کا اندازہ اس کے مطالعہ سے ہوتا ہے ـ اچھی خاصی تاریخ بیان کی گئی ہے ـ قیمت معلوم نہیں ـ

۲ ـــ دوامِ نو (ماہنامہ) ـ مدیر اعزازی ڈاکٹر سید عبد الباری و مجلسِ مشاورت) ـ دفتر: ٹانڈہ، ضلع فیض آباد، یو، پی ـ بھارت ـ شمارہ نمبر ۸، ۹ (جلد ۲) سامنے ہے ـ انڈیا کے حالیہ مسلم کش اور مسلم آزار ریلے میں جو قیامت گذری ہے ـ اس کا تذکرہ مضامین اور رپورٹوں میں بھی ہے ـ اور تڑپا دینے والی تصاویر بھی ـ قیمت فی پرچہ ۴/۵۰ روپے انڈیا ـ

۳ ـــ ماہنامہ "تکبیر (کشمیر)" مدیر مسئول: جوہر قدوسی ـ مقام اشاعت: کاشانۂ ناظم ـ دار الھدیٰ روڈ ـ پلوامہ ـ کشمیر ـ خط و کتابت پوسٹ بکس نمبر ۴۶۹ ـ سری نگر ۱۹۰۰۰۱ ـ کشمیر ـ کشمیر میں قیمت فی پرچہ ۵/- روپے ـ سالانہ ۴۸/- روپے

اس رسالے میں عالمی اور دنیائے اسلام کی خبروں کے علاوہ، حکومت کشمیر کی غلط پالیسیوں اور

© rasailojaraid.com